www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 10 | جمعرات 06 فروری 2025ء بمطابق 07 شعبان 1446ھ | شمارہ 195 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

دنیا کے ہر فورم پر کشمیریوں کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے

بھارت 5 اگست 2019 کی سوچ سے باہر نکلے اور مسئلہ کشمیر پر بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کرے، کشمیر بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، شہباز شریف

جدوجہد آزادی میں کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی سے خطاب میرے لئے باعث اعزاز ہے، وزیر اعظم

حکومت اور 24 کروڑ عوام کی طرف سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے یہاں حاضر ہوا ہوں، آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی سے خطاب

مظفر آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنا ہوگا، بھارت اور اس طفلے کے بہترین مفاد میں یہی ہے کہ وہ 5 اگست 2019 کی سوچ سے باہر نکلے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی منظور کردہ قراردادوں پر عمل، کشمیریوں اور دنیا سے کیے ہوئے اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہوئے نتائج خیز و کشمیر پر بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کرے، جب ضرورت پڑی تو ہم اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لئے اپنی پوری قوت استعمال کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی سے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 5 فروری کو آزاد جموں وکشمیر کی ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 30

آرمی چیف

کشمیر کی خاطر ہم نے 3 جنگیں لڑیں ایک دن ضرور آزاد ہوگا

کشمیر اور پاکستان کا رشتہ لازم وملزوم ہے، کشمیر کل بھی پاکستان کا حصہ تھا، آج بھی ہے اور کل بھی رہے گا، آزادی کی شمع کشمیریوں کی ایک نسل دوسری نسل کے حوالے کرتی آرہی ہے، اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں

بھارتی مظالم اور بڑھتی ہوئی ہندوتوا انتہا پسندی کشمیریوں کی جدوجہد کا عزم مضبوط کرتی ہے، کشمیر ایک دن ضرور کشمیریوں کی مرضی کے مطابق پاکستان کا حصہ ہوگا، بھارت کو کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے، آرمی چیف

راولپنڈی (اے پی پی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے مظفر آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شہدائے کرنیاں کوخراج عقیدت پیش کیا۔ وہ گڑھی آپہنچے جہاں انہیں ایس ایس جی کے افسران نے خوش آمدید کہا۔ بعد ازاں آرمی چیف نے ممتاز اور بزرگ کشمیریوں سے بات چیت کی اور بھارت کے جنگی جنون، پیشہ وارانہ اہلیت کا جائزہ لیا اور بھارت کی جانب سے کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کا عزم پر زور دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی مظالم اور بربریت کے باوجود کشمیری آزادی کی شمع روشن رکھے ہوئے ہیں، کشمیر ایک دن ضرور کشمیریوں کی مرضی کے مطابق پاکستان کا حصہ ہوگا، بھارت کو کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے، آرمی چیف نے کہا کہ کشمیر کل بھی پاکستان کا حصہ تھا، آج بھی ہے اور کل بھی رہے گا، آزادی کی شمع کشمیریوں کی ایک نسل دوسری نسل کے حوالے کرتی آرہی ہے، اگر ہم متحد اور مضبوط رہیں تو ہر مشکل کا سامنا کر سکتے ہیں۔ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 37

کشمیری عوام آزادی کا سورج جلد دیکھیں گے

مریم نواز

ہر پاکستانی کے دل میں کشمیر کی محبت لہو بن کر دوڑتی ہے، بھارتی بربریت نے جنت نظیر وادی کو جیل بنا دیا ہے، بیان

جانوں کا نذرانہ دے کر حق خود ارادیت کی شمع روشن رکھنے والے کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں

ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کرتے رہیں گے، کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

سلام ان کشمیری بہن بھائیوں کو جو سات دہائیوں سے بھارتی سفاکیت کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کشمیری عوام آزادی کا سورج جلد دیکھیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ ہر پاکستانی کے دل میں کشمیری محبت لہو بن کر دوڑتی ہے، جانوں کا نذرانہ دے کر حق خود ارادیت کی شمع روشن رکھنے والے کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سلام ان کشمیری بہن بھائیوں کو جو سات دہائیوں سے بھارتی سفاکیت کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں، بھارتی بربریت نے جنت نظیر وادی کو جیل بنا دیا ہے، اقوام متحدہ اور دنیا کے عالمی ادارے کشمیر میں جاری خونریزی اور انسانی حقوق کی پامالی کے خلاف اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل نہیں ہوتا پائیدار امن ایک خواب ہی رہے گا، تاریخ گواہ ہے ظلم کبھی زیادہ دیر نہیں ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 26

صدر آصف علی زرداری کی چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات

عوامی امن میں پیچیدہ پرتشدد کے صدر شی جن پنگ نے صدر آصف علی زرداری کو پرتپاک استقبال کی

چینی بچوں کے ایک گروپ نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو شاندار انداز میں خوش آمدید کہا

بیجنگ (اے پی پی) صدر مملکت آصف علی زرداری کی بیجنگ میں چین کے نظیم عوامی ایوان میں آمد، چین کے صدر شی جن پنگ نے اپنے ہم منصب کا پرتپاک استقبال کیا، گارڈ آف آنر پیش کیا اور دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے۔ ایوان صدر میں پریس ونگ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 32

بیجنگ: صدر مملکت آصف علی زرداری بیجنگ میں اپنے چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات مصافحہ کر رہے ہیں

کشمیری بھائیوں کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں، پاک فوج

کشمیری بھائیوں کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں، پاکستان زندہ باد! کشمیر زندہ باد!

کشمیری عوام رہائی سرپرستی میں ہونے والی بربریت کو برداشت کر رہے ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مسلح افواج نے اپنے پیغام میں مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی متصلفانہ جدوجہد میں غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 39



مظفر آباد: وزیر اعظم شہباز شریف آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

جنید اکبر کا بانی پی ٹی آئی کی کال ملنے پر ڈی چوک پر جلسہ کرنیکا اعلان

چارسدہ (ویب ڈیسک) سمبر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) ضیبر پختونخوا جنید اکبر نے عمران خان کی کال ملنے پر ڈی چوک پر جلسہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ ورکرز کنونشن ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 46

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کشمیریوں کی جدوجہد کیساتھ شریک ہے، حافظ نعیم الرحمان

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عمل درآمد نہیں کروا رہی۔ ایک بیان میں حافظ نعیم الرحمان نے ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 45



شہباز شریف کا ایک روزہ دورہ آزاد جموں وکشمیر، مظفر آباد پہنچ گئے

وزیر اعظم شہباز شریف سے شاہ غلام قادر کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے وفد نے ملاقات کی

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے شاہ غلام قادر کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے وفد نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے وفد کو کشمیری عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اقدامات میں حکومت پاکستان کی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ایم ایف کے پریس ونگ کے اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم نے وفد کے ارکان کو کشمیری عوام کے مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کرنے کی تلقین اور آزاد کشمیر کے نوجوانوں کی ترقی کے لیے خصوصی ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 29

امریکی صدر ٹرمپ کا غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان

فلسطینی غزہ کو چھوڑ دیں، تعمیر نو کا کوئی کام نہیں ہوگا، ہم علاقے کے لوگوں کیلئے ملازمتیں دیں گے، شہریوں کو بسائیں گے

مجھے امید ہے کہ جنگ بندی سے خونریزی ختم ہو جائے گی، بہت سے ممالک جلد ہی ابراہم معاہدے میں شامل ہوں گے

غزہ کی پٹی پر قبضہ کر کے اپنی ملکیت بنائیں گے جس کا مقصد اس علاقے میں استحکام لانا اور ہزاروں ملازمتیں پیدا کرنا ہے

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ پر قبضہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی عرب کا یہ ردعمل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان پر سامنے آیا جس میں انہوں نے کہا کہ غزہ کے رہائشیوں کو صحرا اردن منتقل ہو جانا چاہیے۔ شام کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ پر امریکا کے قبضے کے بارے میں ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 38

سعودی عرب نے ٹرمپ کا غزہ پر قبضے کا بیان مسترد کر دیا

فلسطینی ریاست کے قیام کے بغیر اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر نہیں آسکتے، سعودی عرب

ریاض (ویب ڈیسک) سعودی عرب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ سے متعلق تجاویز کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطینی ریاست کے قیام کے بغیر اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر نہیں آسکتے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب کا یہ ردعمل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے فلسطینیوں کو غزہ سے دوسرے ملکوں میں آباد کرنے کے بیان کے بعد سامنے آیا ہے۔ سعودی عرب نے کہا ہے کہ فلسطینی ریاست کے قیام کے بغیر اسرائیل کے ساتھ تعلقات معمول پر نہیں آسکتے۔ سعودی عرب کا مؤقف ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 28

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ٹرمپ کا غزہ پر قبضے کا بیان مضحکہ خیز اور غیر معقول ہے، حماس

ٹرمپ کے غزہ پر قبضے کا منصوبہ سازش ہے، غزہ کی پٹی میں برسوں سے آباد فلسطینی اپنی آبائی سرزمین کے برخلاف کسی منصوبے کو قبول نہیں کریں گے

غزہ میں فلسطینیوں نے 15 ماہ سے زائد عرصے تک اسرائیلی بمباری کو برداشت کر کے نقل مکانی اور ملک بدری کے منصوبوں کو ناکام بنایا ہے، بیان

حماس کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں اس منصوبے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ٹرمپ کے غزہ پر قبضے کے منصوبے کو قبول کریں گے۔ حماس نے کہا ہے کہ اس وقت جس چیز کی سب سے زیادہ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 34

عالمی طاقتیں بھارتی ظلم پر کب بولیں گی؟

فضل الرحمان

کشمیر کے شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، بھارت کے مظالم تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے

سات دہائیاں گزرنے کے باوجود اقوام متحدہ کی جانب سے 1948 اور 1949 کی قراردادوں پر عملدرآمد کیلئے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کئے گئے، بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) جمعیت علما اسلام (ے یو آئی ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد میں بھارت کا داخلی رویہ اور ہٹ دھرمی رکاوٹ ہے، اقوام متحدہ کشمیر میں استصواب رائے کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیاں گزرنے کے باوجود اقوام متحدہ کی جانب سے 1948 اور 1949 کی قراردادوں پر عملدرآمد کیلئے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کئے گئے، بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا عالمی برادری نوٹس لے، ہمارے بھائیوں نے کشمیریوں کے خون اور ماؤں کو اپنی سیاست کے لئے استعمال کیا ہے۔ مولانا ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 31

اسماعیل برادری کے غم میں برابر کا شریک ہوں، شہباز شریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر اسماعیلی برادری کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پیغام ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 27

10 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا معاملہ، جوڈیشل کمیشن کا اہم اجلاس آج طلب

لاہور (ویب ڈیسک) جوڈیشل کمیشن کو ایڈیشنل جج کیلئے 49 ناموں کی موصول ہونیں پر 14 اسٹرکٹ سیشن جج اور 45 سینئر وکلا کے ناموں پر غور ہوگا۔ لاہور ہائی کورٹ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 25



بیجنگ: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی چینی ہم منصب کیو شینگن سے ملاقات کر رہے ہیں

محسن نقوی اور چینی ہم منصب کی ملاقات، پولیس میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ

دورہ بیجنگ کے موقع پر دوروزہ فلڈ سمٹ کے دوران ملاقات 2 گھنٹے طویل رہی

ملاقات کے دوران پیرا ملٹری فورسز کیلئے بارڈر کنٹرول کو مضبوط کرنے کیلئے تعاون پر بات چیت ہوئی

بیجنگ (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چینی ہم منصب کے درمیان ملاقات 2 گھنٹے طویل رہی، ملاقات کے دوران پیرا ملٹری فورسز کیلئے ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 28

مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال سنگین ہے، صدر اور وزیر اعظم

کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صدر مملکت اور وزیر اعظم پاکستان نے اپنے اپنے پیغامات جاری کر دیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال سنگین ہے، بھارت ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 36

کشمیریوں کو ان کے بنیادی حقوق اور آزادیوں سے محروم کر رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کشمیری عوام کو خون ریزی جبر اور تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے، اقوام متحدہ کشمیریوں سے 77 سال قبل کے وعدوں کا احترام کرے، پاکستان ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 36

ٹرمپ کا غزہ پر قبضے کا بیان مضحکہ خیز اور غیر معقول ہے، حماس

ٹرمپ کے غزہ پر قبضے کا منصوبہ سازش ہے، غزہ کی پٹی میں برسوں سے آباد فلسطینی اپنی آبائی سرزمین کے برخلاف کسی منصوبے کو قبول نہیں کریں گے

غزہ میں فلسطینیوں نے 15 ماہ سے زائد عرصے تک اسرائیلی بمباری کو برداشت کر کے نقل مکانی اور ملک بدری کے منصوبوں کو ناکام بنایا ہے، بیان

حماس کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں اس منصوبے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ٹرمپ کے غزہ پر قبضے کے منصوبے کو قبول کریں گے۔ حماس نے کہا ہے کہ اس وقت جس چیز کی سب سے زیادہ ..... بقیہ صفحہ 3 و نمبر 34

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فجر فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بھارتی جنگی جنون دفاعی بجٹ میں ہوشربا اضافہ

بھارت کی وزیر خزانہ کے مطابق، مالی سال 2025-26 کے دفاعی بجٹ میں دفاعی اخراجات کے لیے 6.81 ٹریلین بھارتی روپے مختص کیے گئے ہیں جو گزشتہ سال کے ابتدائی تخمینوں کے مقابلے میں 9.5 فیصد زیادہ ہے۔ اس میں سے 1.80 ٹریلین روپے خالصتاً جنگی سازوسامان کی خریداری کے لیے رکھے گئے ہیں۔ بھارت کی توسیع پسندانہ پالیسیوں اور خطے میں طاقت کے عدم توازن کو مزید بگاڑنے کی کوششوں کے سبب دنگی چھپی نہیں ہیں۔ حالیہ بجٹ میں بھارتی حکومت نے دفاعی اخراجات میں ہوشربا اضافہ کر دیا ہے، جس سے نہ صرف جنوبی ایشیا میں اسلحے کی دوڑ کو تقویت ملے گی بلکہ خطے کے امن واستحکام کو بھی شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ بھارتی بجٹ میں 486 ارب روپے ہوائی جہاز اور ایروا انجن کی خریداری کے لیے مختص کیے گئے ہیں جبکہ 243.9 ارب روپے بحری بیڑوں کے لیے رکھے گئے ہیں۔ یہ امر اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ بھارت اپنی فضائی اور بحری قوت کو غیر معمولی طور پر بڑھا رہا ہے حالانکہ اس کے پاس پہلے ہی ایک وسیع بحری بیڑا اور ایٹمی آبدوزیں موجود ہیں۔ بھارت کی یہ توسیع حکمت عملی خطے میں طاقت کے توازن کو مزید غیر مستحکم کر رہی ہے اور اس کی جارحانہ پالیسیوں کو بھی واضح کر رہی ہے۔ بھارت کا مسلسل بڑھتا ہوا دفاعی بجٹ اور جنگی سازوسامان کا حصول ایک اہم سوال کو جنم دیتا ہے: آخر بھارت کا دشمن کون ہے؟ جس کے خلاف وہ بے تحاشا اسلحہ اکٹھا کر رہا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ بھارت خطے میں سب سے زیادہ دشمنی پاکستان سے رکھتا ہے۔ تاہم اگر معروضی نہ کہا جائے تو پاکستان آبادی، وسائل اور دفاعی بجٹ کے لحاظ سے بھارت سے بہت پیچھے ہے۔ پاکستان نے کبھی کسی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھے بلکہ ہمیشہ پُرامن دفاع پر ہی توجہ مرکوز رکھی ہے۔ بھارت کا جنگی جنون اور طاقت کے نشے میں اس کا بڑھتا ہوا غرور جنوبی ایشیا کے استحکام کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ ایسے میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی دفاعی صلاحیتوں کو ہمہ وقت مستعد رکھے اور اپنے وسائل کو دانشمندانہ طریقے سے بروئے کار لائے۔ عالمی برادری کو بھی بھارت کے جنگی جنون کا نوٹس لینا چاہیے۔

5فروری! یوم یکجہتی کشمیر کے جدید تقاضے

یہ امر خوش آئند ہے کہ 5فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کی تجدید کا عہد کرنے کے لیے ہر سال ملک کے طول و عرض میں بھرپور جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ اس دن ملک بھر میں سرکاری و نجی تعلیمی ادارے بند ہوتے ہیں، ریلیاں، جلوس اور سیمینارز منعقد کیے جاتے ہیں اور ہر سطح پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا جاتا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ محض ایک خطے کا تنازعہ نہیں بلکہ انسانی حقوق، آزادی اور خود ارادیت کی جدوجہد کا ایک اہم باب ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ہم نے اس دن کو صرف ایک رسمی دن بنا کر رکھ دیا ہے؟ کیا ہم نے کشمیر کی آزادی کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کر دیا ہے؟ اگر ہم ایمانداری سے جائزہ لیں تو ہمیں محسوس ہوگا کہ ہم نے اس دن کو محض ایک روایت بنا دیا ہے۔ ہم ہر سال ریلیاں نکالتے ہیں، تقریریں کرتے ہیں، قراردادیں منظور کرتے ہیں، لیکن اس کے بعد کشمیر کی آزادی کے لیے ہماری کوششیں سست پڑ جاتی ہیں۔ ہم بھول جاتے ہیں کہ کشمیر کی آزادی کا خواب صرف ایک دن کی یاد سے پورا نہیں ہوگا، بلکہ اس کے لیے ہمیں مسلسل جدوجہد کرنی ہوگی۔ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو کشمیر کے تاریخی پس منظر سے آگاہ کرنا ہوگا، انہیں بتانا ہوگا کہ کشمیر کی جدوجہد کس طرح شروع ہوئی، کن قربانیوں کے بعد یہ مقام آیا ہے اور آج کشمیری عوام کن مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ہمیں اپنے بچوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ کشمیر صرف ایک زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ وہاں کے لوگوں کی عزت، وقار اور زندگی کا سوال ہے۔ ہمیں عالمی سطح پر بھی اپنی آواز کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اقوام متحدہ، او آئی سی اور دیگر بین الاقوامی اداروں پر دباؤ ڈالنا ہوگا کہ وہ کشمیر کے مسئلے کو حل کرانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ہمیں دنیا کے سامنے کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرنا ہوگا اور ان کے حق خود ارادیت کے لیے آواز بلند کرنی ہوگی۔ ہمیں سوشل میڈیا، بین الاقوامی میڈیا اور عالمی فورمز پر کشمیر کے مسئلے کو زندہ رکھنا ہوگا۔ ہمیں کشمیر کے اندر موجود اپنے بھائیوں اور بہنوں کے لیے بھی کچھ کرنا ہوگا۔ ہمیں ان کے لیے انسانی امداد، طبی سہولیات اور تعلیمی مواقع فراہم کرنے ہوں گے۔ ہمیں ان کے ساتھ یہ احساس دلانا ہوگا کہ وہ اکیلے نہیں ہیں، پوری امت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہمیں اپنی سیاسی، سفارتی اور عسکری حکمت عملی پر بھی نظر ثانی کرنی ہوگی۔ ہمیں اپنی کمزوریوں کو دور کرنا ہوگا اور ایک مضبوط اور مؤثر پالیسی اپنانی ہوگی جو کشمیر کی آزادی کے لیے ہماری جدوجہد کو نئی سمت دے سکے۔ ہمیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ کشمیر کی آزادی صرف ایک خواب نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے جو ہماری کوششوں سے ممکن ہو سکتی ہے۔ ہمیں اپنے دلوں میں یہ یقین پیدا کرنا ہوگا کہ ہم ضرور کامیاب ہوں گے۔ 5فروری کو ہمیں صرف ایک دن نہیں بلکہ ایک عہد کے طور پر منانا چاہیے۔ ایک ایسا عہد جو ہمیں ہر روز کشمیر کی آزادی کے لیے کام کرنے پر مجبور کرے۔ ہمیں اپنی نسلوں کو یہ بتانا ہوگا کہ کشمیر ہمارا ہے اور ہم اسے ضرور آزاد کرائیں گے۔ ہمیں اپنے بچوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ کشمیر کی آزادی ہماری ذمہ داری ہے اور ہم اس سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ہمیں اپنے بچوں کو یہ یقین دلانا ہوگا کہ ہم ایک دن

بقیہ نمبر 01

ملاقات کی جس میں ملک کی معاشی صورتحال، بلوچستان میں ترقیاتی عمل اور عوام کی خدمت کے منصوبوں پر غور کیا گیا۔ ملاقات میں قومی اور صوبائی سطح پر معاشی ترقی، عوامی فلاح کے منصوبوں سمیت دیگر شعبوں میں مستقبل کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوئی۔ سابق وزیر اعظم وفاقی وزیر کے آنے کا معائنہ بھی کیا۔ ڈپٹی کمشنر کی رفاقت میں کی گئی اس بہتری کا اشارہ ہے۔ سٹاف کالجنگ کی بلندی کارکردگی اور سرمایہ کاری کے اعتماد کی بحالی کے جنگ کے بعد پاکستان کو عالمی سطح پر ایک نئی پہچان ملی ہے۔ ترقی کی طرف شرکی رفتار کو بڑھانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ مریم نواز شریف کی آمد کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو جس ہوتی ایک طرف چیلنج دیا گیا تھا اس میں عبور آنا شروع کیا کہ مہنگائی کی رفتار میں کمی آئی ہے اور خوش آئند ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف وقت میں بہتری کا اشارہ ہے۔ سٹاف کالجنگ کی بلندی کارکردگی اور سرمایہ کاری کے اعتماد کی بحالی کے ہے۔ ترقی کی طرف شرکی رفتار کو بڑھانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آمد کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو جس ہوتی ایک طرف چیلنج دیا گیا تھا اس میں عبور آنا شروع کیا کہ مہنگائی کی رفتار میں کمی آئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف وقت میں بہتری کا اشارہ ہے۔ سٹاف کالجنگ کی بلندی کارکردگی اور سرمایہ کاری کے اعتماد کی بحالی کے ہے۔ مریم نواز شریف ایک مسلسل محنت کی آمد مریم نواز ذہین بیدار اور ان تھک ہیں۔ وہ دن رات عوام کی خدمت کر رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی خاص مدد ہو رہی

ملک بھر میں یومِ یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا

کوہالہ پل کے مقام پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنا کر مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی کیا گیا، سائرن بجا کر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے دفتر خارجہ سے ڈی چوک تک ریلی نکالی گئی، یوم یکجہتی کشمیر پر حکومت کی جانب سے گزشتہ روز ملک بھر میں عام تعطیل رہی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) کشمیری عوام کی بھارتی تسلط و ظلم کیخلاف لازوال جدوجہد آزادی اور قربانیوں کا اعتراف، ملک بھر میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا دن منایا گیا۔یوم یکجہتی کشمیر پر حکومت پاکستان کی جانب سے گزشتہ روز ملک بھر میں عام تعطیل رہی جبکہ مقبوضہ کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے دفتر خارجہ سے ڈی چوک تک ریلی نکالی گئی جس میں وفاقی وزراء، دفترخارجہ کے حکام اور شہریوں کی بڑی تعداد اور سوہنے ہوم کے بچوں نے شرکت کی، ریلی کے شرکاء نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پوسٹرز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ڈی چوک میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے خطاب کیا۔اسلام آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی، ریلی میں وفاقی وزراء، سینیٹرز اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری سمیت اراکین اسمبلی، سول سوسائٹی، وکلاء، طلبہ، مختلف مکاتب فکر کے افراد، سرکاری افسران، مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات، سیاسی و سماجی تنظیموں کے کارکنان، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین، ریلی میں شریک افراد نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے نعرے درج تھے، ریلی میں شریک افراد نے ہاتھوں میں پاکستانی اور کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ ریلی کے شرکاء نے پاکستان کے حق میں اور بھارت کے خلاف نعرے بازی کی۔ریلی کے شرکاء نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ڈی چوک سے ایف نائن پارک تک پیدل مارچ کیا۔ریلی کے شرکاء نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ایف نائن پارک میں قائم کشمیر کی آزادی کی علامت مشعل کے گرد جمع ہو کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی